ہیومیو پیتھک طرزِ علاج میں پاتے ہیں۔ مصنف نے اپنی بات آسان زبان میں اعداد و شمار، تصویروں، ڈایاگراموں اور گرافوں کی مدد سے سمجھائی ہے۔ گوناگوں امراض سے نجات اور صحت مند زندگی آج کا بنیادی مسئلہ ہے، اس کے حل میں یہ کتاب مدد دیتی ہے۔ (رفیع الدین ہاشمی)

خواتین اسلامی انسائیکلوپیڈیا، ابوالفضل نور احمد۔ پتا: بی ۲۵، نیشنل آٹو پلازہ، مارسٹن روڈ، عقب رمپا پلازہ، کراچی-۷۴۴۰۰۔ صفحات: ۷۰۳ (بڑی تقطیع)۔ قیمت: ۳۵۰ روپے۔ [کتاب منشورات، منصورہ، لاہور سے بھی دستیاب ہے]۔

مصنف کہتے ہیں کہ ''اس وقت اسلامی فکر کی ترویج کے لیے مختلف محاذوں پر کوششیں ہو رہی ہیں، اس کتاب کے ذریعے ہم بھی ان کوششوں میں شریک ہو رہے ہیں۔ اس کتاب میں اسلام کے بنیادی ارکان و آثار کی قرآنی فکر کی روشنی میں ایسی تفصیل شامل کی گئی ہے جو عبادات سے لے کر اخلاقیات تک اور سماجیات سے لے کر اقتصادیات تک تمام شعبوں میں مسلمانوں کی عملی طور پر رہنمائی کر سکے'' (ص ۲۷)۔ کتاب کے موضوعات و مباحث کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ نام کی مناسبت سے عورت اور خاندان سے متعلق چھوٹے بڑے امور و مسائل پر اسلامی نقطۂ نظر سے معلومات مہیا کی گئی ہیں۔ پہلا حصہ: ایمانیات، آثار اسلام، دوسرا: اخلاقیات اور معاشرت، تیسرا: ازدواجی زندگی کے شرعی مسائل، چوتھا: خواتین کی صحت، پانچواں: بچوں کی صحت و تربیت، چھٹا: عام صحت، احتیاط و علاج، ساتواں: متفرقات۔ اس طرح ہر موضوع پر تفصیل سے چھوٹی چھوٹی جزئیات مہیا کی گئی ہیں حتیٰ کہ دیمک کو ختم کرنے کا طریقہ، تنگ جوتے کو ٹھیک کرنے کا طریقہ اور چوہوں کو بھگانے کا طریقہ بھی---وغیرہ۔

اس کتاب سے ذہن بہشتی زیور کی طرف منتقل ہو جاتا ہے۔ مصنف معترف ہیں کہ انھوں نے روشن فکر علما کی تحریری خدمات سے ''پھولوں کا انتخاب کر کے ایک گلدستہ سجایا ہے''۔ فقہی سوالات کے جواب، عرب نیوز میں شائع ہونے والے عادل صلاحی کے جوابات سے لیے گئے ہیں (جو اسلامی طرز فکر کے عنوان سے کتابی صورت میں بھی شائع ہو چکے ہیں)۔ بہرحال اس کتاب کی جامعیت میں کلام نہیں، اور افادیت بہت وسیع ہے۔ یہ بکثرت اور بار بار پڑھی جانے والی کتاب ہے، مگر اس کی جلد مضبوط نہیں ہے۔ (ر-ھ)